ناظم ماہنامہ بینات کو صدمہ

محمد اعجاز مصطفیٰ

حضرت مولانا فضل حق یوسفی صاحب دامت برکاتہم خلیفہ مجاز عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر قدس سرہٗ و ناظم ماہنامہ ''بینات'' کی اہلیہ محترمہ ۱۶؍ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۵ھ مطابق ۱۷؍ اپریل ۲۰۱۴ء بروز جمعرات بعد نمازِ عشاء اس دنیا فانی کی ساٹھ بہاریں گزارنے کے بعد داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے راہی عالم آخرت ہوگئیں۔ إنا للّٰہ وإنا إلیہ راجعون، إن للّٰہ ما أخذ ولہٗ ما أعطٰی وکل شیء عندہٗ بأجل مسمّٰی۔

مرحومہ کے ایک عزیز نے بتایا کہ مرحومہ عابدہ، زاہدہ اور صالحہ خاتون تھیں، جہاں خود نماز کی پابند، تہجد گزار اور صلوٰۃ التسبیح پر عامل تھیں، وہاں اپنے عزیزوں کے چھوٹے بچوں کو نمازِ باجماعت کا پابند بناتی، تہجد کی ترغیب دیتی اور صلوٰۃ التسبیح بھی سکھاتی تھیں۔ سال میں بالعموم اور رمضان میں بالخصوص ان سے صلوٰۃ التسبیح پڑھوانے کا اہتمام کرتی تھیں۔

اسی طرح طالبات کی دیکھ بھال، ان کی خدمت اور غریب بچیوں کی شادی کرانے میں خصوصی دلچسپی لیتی تھیں۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت اور ان سے اپنی رضا و رضوان کا معاملہ فرمائے۔ حضرت مولانا اور آپ کے دیگر لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

باتوفیق قارئینِ ''بینات'' سے مرحومہ کے لیے ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔

☆☆☆